DAY — 07 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 18 | 1100 | **J-295** | (U)

SECRETARIAL PRACTICE (52)

Time : 3 Hrs. **(4 Pages)** **Max. Marks : 80**

نوٹ : (۱) تمام سوالات لازمی ہیں۔
(۲) بائیں جانب سوالات کے نمبر دیئے گئے ہیں۔
(۳) دائیں جانب دیئے گئے نشانات سوالات کے جملہ نشانات ہیں۔
(۴) ہر ایک سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱:۔ (الف) مندرجہ ذیل ممکنہ جوابات میں سے مناسب جواب کا انتخاب کر کے خانہ پُری کیجئے۔ (5) **[20]**

(۱) بانڈ خریدنے والے کمپنی کے ..... ہوتے ہیں۔
(الف) سکریٹری (ب) مالک (ج) قرض خواہ

(۲) امانت داروں کے مفاد کے تحفظ کے لئے کمپنی ..... کا تقرر کرتی ہے۔
(الف) قرض نامہ ٹرسٹی (ب) امانتوں کے ٹرسٹی
(ج) کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی

(۳) قرض ناموں پر دیا جانے والا سود ..... ہوتا ہے۔
(الف) مقرّر (ب) بدلتا ہوا (ج) غیر یقینی

(۴) غیر مادّی (Demat) حصص ..... ہوتے ہیں۔
(الف) ناقابلِ تبادلہ (ب) قابل تبادلہ (ج) حامل

(۵) مرکزی حکومت زر کے بازار میں ..... جاری کر کے اُدھار حاصل کرتی ہے۔
(الف) تجارتی دستاویز (ب) تجارتی بل (ج) مالیاتی بل

(ب) خط کشیدہ لفظ کو درست کر کے جملے دوبارہ لکھئے۔ (5)

(۱) USA میں لین دین کی جانے والی ڈپازیٹری رسید کو گلوبل ڈپازیٹری رسید (GDR) کہتے ہیں۔

(۲) FPO سے مراد پہلی مرتبہ عوام کو حصص کی پیش کش ہے۔

(۳) بونس حصص ترجیحی حصص داروں کو مفت دیا جاتا ہے۔

(۴) کمپنی کو ہر سال ڈیویڈنڈ دینا ضروری ہے۔

(۵) اسٹاک مارکیٹ زر کے بازار کا ایک حصّہ ہے۔

(ج) مناسب جوڑیاں لگائیے۔ (5)

گروپ 'الف'	گروپ 'ب'
(الف) مالیاتی بازار	(۱) محفوظ قرض نامے
(ب) مساوی حصص سرمایہ	(۲) 1996ء
(ج) اثاثہ پر چارج	(۳) سرمایہ کے مختلف وسائل کو ملانا
(د) ڈپازیٹری ایکٹ	(۴) مالیاتی سیکورٹیز کی خرید وفروخت
(ہ) سرمایہ کا خاکہ	(۵) جوکھم بھرا سرمایہ
	(۶) غیر محفوظ قرض نامے
	(۷) اشیاء کی خرید وفروخت
	(۸) محفوظ سرمایہ
	(۹) اشیاء کا مرکب
	(۱۰) 1956ء

(د) درج ذیل جملے صحیح ہیں یا غلط لکھئے۔ (5)

(۱) ڈیویڈنڈ کا اعلان ایک مرتبہ ہونے پر بعد میں اُسے ردّ نہیں کیا جاسکتا۔

(۲) رجسٹرڈ سرمایہ کا تذکرہ آئین مجلس کے دفعہ میں ہوتا ہے۔

(۳) مقررہ سرمایہ کو گردشی سرمایہ بھی کہا جاتا ہے۔

(۴) امانت دار کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

(۵) بمبئی اسٹاک ایکسچینج (BSE) بھارت کا سب سے قدیم اسٹاک ایکسچینج ہے۔

سوال نمبر۲:۔ درج ذیل اصطلاح کی وضاحت کیجئے۔ (کوئی چار) [8]

(۱) مقررہ سرمایہ (Fixed capital)

(۲) زائد وصولی کی سہولت (Overdraft)

(۳) قرض نامہ سرٹیفکیٹ (Debenture certificate)

(۴) محفوظ امانت (Secured Deposit)

(۵) دوبارہ مادّیت (Rematerialization)

(۶) بُل (سانڈ) (Bull)

سوال نمبر۳:۔ درج ذیل کیس/ حالات کا مطالعہ کرکے اپنی رائے پیش کیجئے۔ (کوئی دو) [6]

(۱) اسٹار لمیٹیڈ ٹیڈ کمپنی نے حال ہی میں FPO کے ذریعے عوامی پیش کش کی ہے۔ ان کے اجراء اوور سبسکرائب ہوئے ہیں۔ ہدایت کاران کا بورڈ اب نامزدگی کا مرحلہ شروع کرنا چاہتا ہے۔ بورڈ کو درج ذیل معاملات میں مشورہ دیجئے۔

(الف) کیا کمپنی کو نامزدگی کمیٹی بنانا چاہئے؟

(ب) جن درخواستوں کو حصص نامزد ہوئے ہیں ان کو کمپنی کس طرح اطلاع دے؟

(ج) کتنی مدّت کے اندر کمپنی کو حصص سرٹیفکیٹ جاری کرنا چاہیے؟

(۲) جناب "Z" کے پاس پیکولیئر کمپنی لمیٹیڈ کے 50 حصص ہیں جو طبعی شکل میں ہیں۔ وہ اسے برقی شکل میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔

(الف) جناب Z کا CFDH بینک میں بچت کھاتہ ہے۔ کیا وہ ان شیئرس (حصص) کو غیر مادّیت کے لئے اس کھاتے میں جمع کرسکتے ہیں؟

(ب) اس کے لئے کس قسم کے کھاتے کی ضرورت ہوتی ہے؟

(ج) کیا غیر مادیت کے بعد جناب Z کے حصص RBI کے پاس رہیں گے؟

(۳) XYZ کمپنی لمیٹیڈ نے مالیاتی سال 2021-22 کے لئے دیویڈنڈ (منافع) کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمپنی کو اس سال امید سے کم منافع حاصل ہوا ہے۔

(الف) کیا بورڈ کا آزاد محفوظات میں سے فی حصص 5 ₹ ڈیویڈنڈ ادا کرنے کا فیصلہ درست ہے؟

(ب) کیا بورڈ سالانہ عام میٹنگ میں منظوری کے بغیر ڈیویڈنڈ کا اعلان کرسکتا ہے۔

(ج) کیا بورڈ تحفہ کے طور پر ڈیویڈنڈ دے سکتا ہے؟

سوال نمبر۴ :— مندرجہ ذیل فرق واضح کیجئے۔ (کوئی تین) [12]

(۱) حصص اور قرض نامے (Shares and Debentures)

(۲) حصص کی منتقلی اور حصص کی ترسیل
(Transfer of shares and Transmission of shares)

(۳) سالانہ ڈیویڈنڈ اور درمیانی ڈیویڈنڈ
(Final Dividend and Interim Dividend)

(۴) ابتدائی بازار اور ثانوی بازار
(Primary Market and Secondary Market)

سوال نمبر۵ :— مختصر جوابات دیجئے۔ (کوئی دو) [8]

(۱) بونس حصص کے تعلق سے شرائط بیان کیجئے۔

(۲) سود کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۳) اسٹاک ایکسچینج کی چار خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶ :— درج ذیل بیانات ثابت کیجئے۔ (کوئی دو) [8]

(۱) کمپنی کے پاس مالی سرمایہ حاصل کرنے کے کئی متبادل ہوتے ہیں۔

(۲) کمپنی صرف مخصوص اقسام کے قرض نامے جاری کرسکتی ہے۔

(۳) کمپنی کے اشتہار یا سرکولر جاری کرنے کے لئے مخصوص شرائط پورا کرنا پڑتا ہے۔

(۴) ISIN ڈیمیٹ کا ضروری حصّہ ہے۔

سوال نمبر۷ :— مندرجہ ذیل سوالات حل کیجئے۔ (کوئی دو) [10]

(۱) امانت کی تجدید کاری (Renewal) کے لئے امانت دار کو خط لکھئے۔

(۲) قرض نامے کو مساوی حصص میں تبدیل کرنے کی اطلاع دینے کے لئے خط لکھئے۔

(۳) ڈیویڈنڈ وارنٹ کے ذریعے ڈیویڈنڈ ادائیگی کے لئے اراکین کو خط لکھئے۔

سوال نمبر۸ :— درج ذیل کے تفصیلی جواب لکھئے۔ (کوئی ایک) [8]

(۱) ترجیحی حصص سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام بیان کیجئے۔

(۲) حصص کی نامزدگی کا طریقہ کار بیان کیجئے۔

◆◆◆